© rasailojaraid.com

# قادیانیوں کے بارہ میں صدارتی آرڈیننس ۸۴ء کا مکمل متن

"قادیانی گروپ، لاہوری گروپ اور احمدیوں کو اسلام دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہونے سے روکنے کے لیے" قانون میں ترمیم کرنے کے لئے آرڈیننس۔ چونکہ یہ ضروری ہے کہ قادیانی گروپ، لاہوری گروپ اور احمدیوں کو اسلام دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہونے سے روکنے کے لئے" قانون میں ترمیم کی جائے۔ اور چونکہ صدر اس بات سے مطمئن ہیں کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کے تحت فوری کارروائی کرنا ضروری ہے۔ اس لئے اب ۵ جولائی ۱۹۷۷ء کے فرمان کے تحت اور اس سلسلے میں" تمام اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے صدر مندرجہ ذیل آرڈیننس کا اجرا کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتے ہیں۔

## حصہ ابتدائیہ

## مختصر عنوان اور آغاز

۱۔ اس آرڈیننس کو قادیانی گروپ، لاہوری گروپ اور احمدیوں (ممانعت اور سزا) کا آرڈیننس ۱۹۸۴ء کہا جائے گا۔

۲۔ یہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا

۳۔ آرڈیننس کو عدالتوں کے احکامات اور فیصلوں پر فوقیت ہوگی۔ اس آرڈیننس کی دفعات کسی بھی عدالت کے حکم یا فیصلے کے باوجود مؤثر ہوں گے۔

## حصہ II تعزیرات پاکستان (۱۸۶۰ کا قانون) میں ترمیم

۴۔ تعزیرات پاکستان میں دفعہ ۲۹۸۔ب اور ۲۹۸ ج کا اضافہ۔ تعزیرات پاکستان کے ۱۵ ویں باب میں دفعہ ۲۹۸۔الف کے بعد درج ذیل نئی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ ۲۹۸ ب: مقدس شخصیتوں اور مقامات کے لیے مخصوص اصطلاحات کا غلط استعمال۔

۱۔ "قادیانی گروپ یا لاہوری گروپ (جو اپنے آپ کو احمدی یا کوئی اور نام دیتے ہیں) کا کوئی شخص جو زبانی یا تحریری الفاظ یا ظاہری واضح طریقے کے ذریعے (الف) حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی خلیفہ یا صحابی کے علاوہ کسی دوسرے شخص کو "امیر المومنین" "خلیفۃ المومنین" "خلیفۃ المسلمین"۔ "صحابی" یا "رضی اللہ عنہ" کہتا ہے۔ یا اس نام سے مخاطب کرتا ہے (ب) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات کے علاوہ کسی دوسری عورت کو "ام المومنین" کے نام سے مخاطب کرتا ہے یا کہتا ہے۔



© rasailojaraid.com

ج۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے "اہلبیت" کے علاوہ کسی اور شخص کو "اہلبیت" کہتا ہے یا مخاطب کرتا ہے یا

د۔ اپنی عبادت گاہ کو "مسجد" کا نام دیتا یا کہتا ہے۔

اسے تین سال قید کی سزا دی جائے گی اور وہ جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہو گا۔

۲۔ قادیانی گروپ یا لاہوری گروپ (جو اپنے آپ کو احمدی کہتے ہیں یا کوئی بھی دوسرا نام دیتے ہیں) کا کوئی شخص لفظوں کے ذریعہ بول کر یا لکھ کر اپنے عقیدے میں اختیار کئے گئے عبادت کی خاطر بلانے کے طریقہ کار کو اذان کہے گا یا مسلمانوں کی طرح اذان دے گا تو اسے تین سال تک قید کی سزا دی جائے گی۔ اور جرمانہ کا بھی مستوجب ہو گا۔

**۲۹۸۔سی قادیانی گروپ وغیرہ کا شخص جو اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہو یا اپنے عقیدے کی تبلیغ یا تشہیر کرتا ہو۔**

قادیانی گروپ یا لاہوری گروپ (جو اپنے آپ کو احمدی کہتے ہیں یا کوئی بھی دوسرا نام دیتے ہیں) کا کوئی شخص جو اپنے آپ کو براہ راست یا بالواسطہ طور پر مسلمان ظاہر کرے گا یا بولے گا یا اپنے عقیدے کی تبلیغ یا تشہیر کرے گا یا لفظوں کے ذریعہ بول کر یا لکھ کر یا کسی بھی دوسرے نمایاں طریقے سے دوسروں کو اپنا عقیدہ قبول کرنے کی دعوت دے گا جس سے مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچتی ہو تو اسے تین سال تک قید کی سزا دی جائے گی اور وہ جرمانے کا بھی مستوجب ہو گا۔

آرڈیننس کے ذریعے مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء کی دفعہ ۹۹۔ الف میں بھی ترمیم کی گئی ہے۔ جس کے ذریعے صوبائی حکومت کو کسی ایسے اخبار، کتاب یا دیگر دستاویز کو ضبط کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ جو مجموعہ تعزیرات پاکستان میں شامل کردہ نئی دفعات کی خلاف ورزی میں چھاپی گئی ہو۔ آرڈیننس کے ذریعے مغربی پاکستان پریس اور پبلیکیشنز آرڈیننس ۱۹۶۳ء کی دفعہ ۲۴ میں کی گئی ترمیم کے ذریعے صوبائی حکومت کو اختیار مل جائے گا کہ وہ مجموعہ تعزیرات پاکستان میں شامل کردہ نئی دفعات کی خلاف ورزی کرنے والی کسی کتاب یا دستاویز کی طباعت یا اشاعت کے لئے استعمال ہونے والے پریس کو بند کر دے۔ اس اخبار کے ڈیکلیریشن کو منسوخ کر دے جو ان دفعات کی خلاف ورزی کرے اور کسی ایسی کتاب یا دستاویز کو ضبط کرے جس میں ایسا مواد شامل ہو جس کی طباعت یا اشاعت مذکورہ دفعات کی رو سے ممنوع قرار دی گئی ہے۔

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق
موتمر المصنفین اکوڑہ خٹک (پشاور)
★ ★ ★ ★ ★ ★

© rasailojaraid.com